اصغر مَعصُوم تیرا جھولنا

اصغر مَعصُوم تیرا جھولنا
اصغر مَعصُوم تیرا جھولنا

لشکر شبّیر کي ھے شان تیرا جھولنا
بانو و زینب کو جِس پہ مان تیرا جھولنا
ھو گیا اِسلام پہ قربان تیرا جھولنا
کر گیا پُختا میرا ایمان تیرا جھولنا

کسنے کہا ھے کے فقط جھولا تیرا جھولنا
چھوٹے سے بچّو کا ھے بہلاوا تیرا جھولنا
سچ تو یہ ھے دین کا گِھوارا تیرا جھولنا
حیدري شانات کا نظارہ تیرا جھولنا

اَشقِیا تجھکو ستائے روئے تیرا جھولنا
بے زبان کُچھ کھ نہ پائے روئے تیرا جھولنا
پیاس سے تو تلملائے روئے تیرا جھولنا
توجو ایك آنسو نہ بہائے روئے تیرا جھولنا

اصغر مَعصُوم تیرا چھوٹ چلا جھولنا
تیر لگا قتل ھوا ختم ھوا جھولنا
بَن گئي ھے خاکے زمیں کربوبلا جھولنا
خُلد میں اب جھولنا وہ فاطمة کا جھولنا

راس نہ آیا تُجھے بے شیر تیرا جھولنا
بَن گیا اُجڑي ھوئي تقدیر تیرا جھولنا
کربلا میں ظُلم کي تصویر تیرا جھولنا
ڈھونڈھتي ھے مادر و ھمشیر تیرا جھولنا

روتا ھے تجھکواے میرے تشنه دھن جھولنا
ڈھونڈھتا رھتا ھے تیرا ننھا بدن جھولنا
شه نے بنایا ھے تیرا غور و کفن جھولنا
توجو نہیں کِسکو جُھلائیگي بہن جھولنا

عبد سیدنا المنعام طعش معزملاً نذر علي پارسولا (گلیاکوٹ والا) الفحیحیل الکویت ٠٠٩٦٥٩٧٢١٤٥١٤ galiakoti@yahoo.com التماس الدعاء

هائے رہے بانو کو تیرا یاد آئے جھولنا
کیسے سکینه وه تیرا بھول جائے جھولنا
بِن تیرے اُجڑا هُوا هر پل رُلائے جھولنا
هر گھڑي سیدانیوں کا دل دُکھائے جھولنا

روئیگي دُنیا همیشه ننھے سے مَظلُوم کو
کربلا کے جھولنے والے شِه مَعصُوم کو
خالي هوا مجھسے جو گھوارہ محروم کو
اُجڑي هوئي گود کو وه مادرِ مغموم کو

اُجڑے هوئے جھولنے کا صدقة مِلے یا حسین
ما سِوا اِس غم کے کوئي غم نہ مِلے یا حسین
جیتے جي اولاد کا نہ صدمه مِلے یا حسین
سوکھي هوئي ڈال کو بھي غنچا مِلے یا حسین

عرض میري صاحب تطهیر لے لو یا حسین
ذاکره کا پُرسا بے شیر لے لو یا حسین
پیش کیا نوحه دلگیر لے لو یا حسین
خون میں ڈوبي هوئي طهرم لے لو یا حسین

*****